COVID-19 advice for families

Updated June 2021

گھرانوں کے لیے COVID-19 کے متعلق اطلاع

جون 2021 کی تازہ اطلاع

ہم آسٹریلین ہیلتھ پروٹیکشن پرنسپل کمیٹی ((Australian Health Protection Principal Committee (AHPPC) NSW ہیلتھ اور دوسرے اداروں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ ہمارے سکول COVID-19 کے ماحول میں محفوظ ترین طریقوں سے چل رہے ہیں۔

NSW ہیلتھ کی طرف سے تازہ اطلاع

COVID-19 کے بارے میں معلومات کو باقاعدگی سے تازہ کیا جا رہا ہے۔ گھرانوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ تازہ ترین اطلاعات کے لیے NSW گورنمنٹ کی ویب سائیٹ (NSW Government website) دیکھتے رہیں۔.

اگر COVID-19 میں تیزی سے اضافے کے باعث NSW ہیلتھ نے گھروں میں رہنے کا حکم نافذ کیا تو سکولوں کے نظام میں تبدیلیاں آ سکتی ہیں۔ براہ مہربانی نظام میں تبدیلیوں کے بارے میں اپنے سکول سے پوچھیں اور اپنے سکول کے عملے کی طرف سے دی جانے والی تمام ہدایات پر عمل کریں جن میں یہ بھی شامل ہے کہ اگر غیر لازمی مقاصد سے سکول کے احاطے میں نہ داخل ہونے کی درخواست کی جائے تو اس پر عمل کیا جائے۔

گھر سے تعلیم

مندرجہ ذیل حالات میں طالبعلموں کو گھر سے تعلیم حاصل کرنے کے لیے مدد دی جائے گی:

- اگر وہ COVID-19 کے کسی مثبت کیس یا مشتبہ کیس کا قریبی کانٹیکٹ ہونے کی وجہ سے خود کو آئسولیشن میں رکھنے کے پابند ہوں
- جہاں COVID-19 میں تیزی سے اضافے کی وجہ سے سکول کو صحت عامّہ کی ہدایت کے مطابق صرف نہایت ضروری کارکنوں کے بچوں کو سکول میں تعلیم مہیا کرنے کی ہدایت دی گئی ہو

گھر سے تعلیم کی کئی صورتیں ہیں جن میں آن لائن اور آف لائن وسائل اور ورک شیٹس اور وسائل جیسے چھپے ہوئے مواد شامل ہیں۔

سکول میں تعلیم کے دوران حاضری کے متعلق ہدایات

NSW ہیلتھ کی ہدایت کے مطابق والدین اور نگرانوں کو یاد دلایا جاتا ہے کہ وہ اپنے بچوں کی طبیعت خراب ہونے کی صورت میں انہیں سکول نہ بھیجیں چاہے انہیں فلو جیسی بالکل ہلکی سی علامات پیش ہوں

NSW ہیلتھ نے درخواست کی ہے کہ سکول بیمار یا فلو جیسی بالکل ہلکی سی بھی علامات رکھنے والے سب لوگوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنے مقامی ڈاکٹر یا COVID-19 کلینکس (COVID-19 clinics) میں سے کسی کلینک میں اپنے ٹیسٹ کا انتظام کریں۔

فلو جیسی علامات رکھنے والے طالبعلموں اور عملے کو اس کے بعد ہی سکول آنے کی اجازت مل سکے گی کہ وہ اپنا COVID-19 ٹیسٹ کروائیں اور ٹیسٹ کے منفی نتیجے کی کاپی مہیا کریں اور وہ علامات سے چھٹکارا حاصل کر چکے ہوں۔

جو طالبعلمCOVID-19 ٹیسٹ نہیں کروائیں گے، انہیں 10 دن تک سکول میں واپس آنے کی اجازت نہیں ہو گی۔ اس کے علاوہ ضروری ہو گا کہ وہ علامات ختم ہونے کے کم از کم 3 دن بعد ہی سکول میں واپس آئیں۔

سکول میں تعلیم کے دوران حاضری کے متعلق ہدایات (جاری ہے)

جن طالبعلموں کو موسمی الرجی کی وجہ سے ناک میں سوزش یا کوئی اور ایسی کیفیت ہو جس کی علامات فلو جیسی ہوں، انہیں بھی COVID-19 ٹیسٹ کروانا ہو گا اور منفی نتیجہ پیش کرنا ہو گا۔ جہاں طالبعلموں کی علامات 10 دن سے زیادہ جاری رہیں، انہیں اپنے ڈاکٹر کا دیا ہوا یہ ثبوت مہیا کرنا چاہیے کہ ان کی علامات ان کی کیفیت کی عام علامات ہیں۔ اگر طالبعلم میں نئی یا بدلی ہوئی علامات ظاہر ہوں تو اسے اپنا COVID-19 ٹیسٹ کروانا چاہیے۔ COVID-19 کی علامات (COVID-19 symptoms) کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

پیچیدہ صحت یا معذوری رکھنے والے طالبعلموں کے لیے COVID-19 ٹیسٹنگ۔ ان حالات میں سکول والدین یا نگرانوں سے کہے گا کہ وہ اپنے بچے کے ڈاکٹر سے اس کا معائنہ کروائیں۔ جہاں ڈاکٹر طے کرے کہ COVID-19 ٹیسٹ کی ضرورت نہیں ہے، سکول کو یہ تصدیق کرنے والا ثبوت مہیا کیا جائے کہ طالبعلم کی علامات ایسی نہیں ہیں جو COVID-19 ٹیسٹ کی ضرورت ظاہر کرتی ہوں۔ اس سرٹیفکیٹ میں یہ نشاندہی بھی ضروری ہے کہ طالبعلم سکول واپس آنے کے قابل ہے۔

تمام سکولوں اور گھرانوں کے لیے یاد دہانی

یہ اہم ہے کہ سکول اور گھرانےCOVID-19 کے لیے رہنمائی پر عمل جاری رکھیں۔ ہم بالخصوص مندرجہ ذیل واضح کرنا چاہتے ہیں:

- سکولوں کے لیے یہ اقدامات جاری رکھنا لازمی ہے:
  - ذاتی حفظان صحت، لوگوں میں فاصلے، صفائی اور ریکارڈ رکھنے کے معمولات پر عملدرآمد
  - جہاں ممکن ہو، موسم مناسب ہونے کی صورت میں عمارتوں سے باہر کے علاقے یا بڑی کھلی جگہیں استعمال کرنا تاکہ لوگوں میں کافی فاصلہ رکھنا ممکن ہو
  - یہ یقینی بنانا کہ سکول کے مقام پر آنے والے تمام لوگ صحتمند اور علامات کے بغیر ہوں، داخل ہونے کے وقت اپنی تفصیلات مہیا کرنے کے انتظام کی تعمیل کریں جس میں ہر بار آنے پر یہ اقرار کرنا بھی شامل ہے کہ وہ سکول میں آنے والوں، کانٹریکٹرز اور خدمات فراہم کرنے والوں کے لیے COVID-19 کے حوالے سے تقاضوں کی تعمیل کریں گے۔ سب آنے والوں کو Service NSW QR code استعمال کرتے ہوئے چیک ان بھی کرنا ہو گا۔ طالبعلموں کو چھوڑنے یا لے جانے کے لیے آنے والے والدین اور نگرانوں کو اپنی تفصیلات مہیا کرنے یا Service NSW QR code استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

چہرے کے ماسک پہننا اور درجۂ حرارت چیک کرنا

اگر کوئی سکول میں اپنا ماسک پہننا چاہے تو اسے اس سے نہیں روکا جائے گا۔

جن ادوار میں صحت عامّہ کے احکام نے پبلک ٹرانسپورٹ پر چہرے کے ماسک پہننا لازمی قرار دیا ہو، 13 سال اور اس سے زیادہ عمر کے طالبعلم اس ہدایت پر عمل کرنے کے پابند ہوں گے۔ عملے کو بھی پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کرتے ہوئے اور پبلک ٹرانسپورٹ یا چارٹرڈ یا پرائیویٹ ٹرانسپورٹ سروس کے ذریعے سکول کے دوروں پر جاتے ہوئے اس ہدایت پر عمل کرنا ہو گا۔

سکولوں میں بڑے پیمانے پر درجۂ حرارت چیک کرنا لازمی نہیں ہے اور نہ ہی اس کا مشورہ دیا جا رہا ہے۔

سکول میں صفائی اور حفظان صحت کا سامان

آپ کے سکول کو AHPPC کی رہنمائی اور NSW ہیلتھ کی ہدایات کے مطابق اضافی صفائی مہیا رہے گی۔ خصوصی صفائی کی جگہوں میں زیادہ چھوئی جانے والی جگہیں اور دوسری سخت سطحیں، دروازوں کی دستیاں، لاکرز، روشنیوں کے سوئچ اور زینوں اور زیادہ نقل و حرکت والی جگہوں پر ہینڈ ریلز شامل ہیں۔ ٹائلٹس اور ببلرز کی اضافی صفائی بھی ہو گی اور صابن جیسی چیزیں بھری جاتی رہیں گی۔

سکول صفائی کی مصنوعات فراہم کرنا جاری رکھیں گے جن میں مائع صابن، ہینڈ سینیٹائزر، کاغذی تولیے، سطحوں کے لیے سپرے اور جراثیم کش وائپس شامل ہیں۔

COVID-19 کے کیسوں پر اقدامات

سکولوں کے لیے یہ واضح پلان نافذ ہے کہ ہمارے سکولوں میں COVID-19 کے کسی مشتبہ یا تصدیق شدہ کیس پر کیا اقدامات کیے جائیں گے۔ ہم NSW ہیلتھ کے ساتھ قریبی کام کر رہے ہیں اور اگر ایسی صورتحال پیدا ہوئی تو ہم والدین کو آگاہ کریں گے۔ COVID-19 کے کیسوں پر ہمارے اقدامات کے طریق کار (Response protocols for COVID-19 cases) کے متعلق مزید تفصیل پڑھیں۔

ٹرانسپورٹ

سکولوں تک جانے اور آنے والی بس سروسز عام معمول کے مطابق چلتی رہیں گی۔ سکول جانے اور آنے کے سفر کے متعلق اطلاعات کے لیے ٹرانسپورٹ برائے NSW (Transport for NSW) سے رابطہ کریں۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی اپنے سکول کے پرنسپل کو فون کریں۔ اگر آپ کو اپنا سوال پوچھنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔